Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# پاکستان تحریکِ انصاف کی وضاحت

پاکستان تحریکِ انصاف یہ وضاحت کرنا چاہتی ہے کہ ہمارا یہ مطالبہ یہ نہیں ہے کہ ۲۰۲۴ کے انتخابات کو کالعدم قرار دیا جائے۔ بلکہ ہماری جماعت کا موقف یہ ہے کہ جو پاکستانی عوام کا حقیقی مینڈیٹ ہے اس کو تسلیم کیا جائے اور جو انتخابات کے نتائج ہیں وہ عوام کے ڈالے گئے ووٹوں کی اصل عکاسی کریں۔ جس طرح سے انتخابات کے نتائج تبدیل کئے گئے اور کیے جا رہے ہیں یہ نہ صرف عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا جا رہا ہے بلکہ ایک سنگین غیر قانونی اور غیر آئینی عمل ہے۔

پاکستان کے آئین کی بنیاد اس یقین پر استوار ہے کہ پوری کائنات کا مالک اللہ تعالیٰ ہے، اور پاکستان کے منتخب نمائندے ہی ان کے سونپے گئے اختیارات استعمال کر سکتے ہیں۔

پاکستان کے تمام اداروں کے پر لازم ہے کو اس بات کو یقینی بنائیں کہ ۲۰۲۴ کے انتخاب میں جو پاکستانی عوام کے اصل نمائندے ہیں انہیں ہی ایوان میں بیٹھایا جائے۔